| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ (اٹھارواں ہفتہ) | موضوع: | اعادہ (ا تا ژ) | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ ا تا ژ تک حروف کی پہچان، صوتی آواز، لکھائی اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام بتا سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو حروف 'ا تا ژ' کے فلیش کارڈ دکھا کر حرف بتانے اور صوتی آواز بتانے کو کہا جائے گا۔ | 3منٹ | حرف<br>فلیش کارڈز | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔<br>حرف 'ڑ' کا درست تلفظ، آواز اور اس کی اشیاء میں حرف 'ڑ' کی نشاندہی کرنے پر |
| | **تعارف:**<br>بچوں سے 'ا تا ژ' با آواز بلند حروف تہجی پڑھنے کو کہا جائے گا۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ حروف تہجی کی کل تعداد 38 ہے۔ ہم اٹھارہ حروف پڑھنا سیکھ چکے ہیں۔ آج ہم ان کی دہرائی کریں گے۔ | 5منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>کمرہ جماعت میں 'ا تا ژ' حروف فلیش کارڈ چھپا دیے جائیں گے۔ (مثال کے طور پر میز کے نیچے، کرسی کے پیچھے بستے میں) بچوں کو باری باری فلیش کارڈ ڈھونڈنے کو کہا جائے گا۔ ہر بچے کو سرگرمی کرنے کا موقع دیا جائے گا جو بچہ جو بھی حرف ڈھونڈ کر لائے گا۔ اس کا نام اور صوتی آواز بتائے گا۔ بچوں سے کتاب صفحہ 118 کھولنے کو کہا جائے گا۔ تصویر کو دیکھ کر پہلا حرف بتانے کو کہا جائے گا۔ بچوں کو پہلا حرف لکھنے میں مدد کی جائے گی۔ | 30منٹ | کتاب صفحہ<br>118 | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں کو باری باری تختہ سفید پر بلا کر کوئی سا بھی حرف لکھنے کو کہا جائے گا۔ | 2منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ (اٹھارواں ہفتہ) | موضوع: | اعادہ (ا تا ژ) | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ 'ا تا ژ' تک حروف کی پہچان، صوتی آواز، لکھائی اور االفاظ بتا سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو حروف تہجی اُردو کے نظم سنائی جائے گی۔ | 3منٹ | فلیش کارڈز (حرف اور اشیاء) | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف 'ژ' کا درست تلفظ، آواز اور اس کی اشیاء میں حرف 'ژ' کی نشاندہی کرنے پر |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حروف 'ا تا ژ' کی دہرائی کریں گے۔ بچوں کو مختلف اشیاء کے فلیش کارڈ دکھا کر ان کے نام اور ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5منٹ | ٹوکری | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>'ا تا ژ' کے فلیش کارڈ تختہ سفید پر چسپاں کیے جائیں گے اور ٹوکری میں اشیاء فلیش کارڈ رکھے جائیں گے۔ باری باری بچوں کو بورڈ پر بُلا کر انہیں کوئی ایک حرف دیا جائے گا۔ پہلے بچہ اس حرف پر انگلی پھیرے گا پھر اس سے شروع ہونے والی اشیاء کا فلیش کارڈ ٹوکری سے ڈھونڈے گا۔ اشیاء کا نام بتائے گا۔ بچوں کو کتاب صفحہ 120 کھولنے کو کہا جائے گا۔ دی گئی تصاویر میں چھپے حرف کو تلاش کر کے پنسل پھیرنے اور رنگ بھرنے کو کہا جائے گا۔ | 30منٹ | کتاب صفحہ 119،120 | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے 'ا تا ژ' حروف تہجی با آواز بلند پڑھنے کو کہا جائے گا۔<br>**گھر کا کام:**<br>کتاب صفحہ 119 کیجیے۔ | 2منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلےگروپ (اٹھارواں ہفتہ) | موضوع: | اعادہ (ا تا ژ) | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ 'ا تا ژ' حروف کی پہچان صوتی آواز، ان سے شروع ہونے والے الفاظ اور لکھائی کرسکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو 'ا تا ژ' حروف تہجی با آواز بلند پڑھنے کو کہا جائے گا۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو پلے ڈو دے کر حروف بنانے کو کہا جائے گا۔ بچہ اپنی مرضی سے کوئی حرف بنائے گا اور اس کا تلفظ اور صوتی آواز بتائے گا بچے ایک سے زیادہ حرف بھی بنا سکتے ہیں۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو قالین پر بیٹھنے کو کہا جائے گا۔ ہر بچے کو ایک فلیش کارڈ دیا جائے گا۔ حروف تہجی کا پہلا حرف کس کے پاس ہے؟ جس کے پاس 'ا' ہوگا وہ دکھائے گا اور اس سے شروع ہونے والی کسی ایک اشیاء کا نام بتائے گا۔ باری باری 'ا تا ژ' تمام حروف کیے جائیں گے۔ بچوں کو اپنے فلیش کارڈز لے کر ترتیب سے لائن بنانے کو کہا جائے گا۔ بچوں سے کتاب صفحہ 121 کھولنے کو کہا جائے گا۔ ترتیب وار حروف کو ملانے اور رنگ بھرنے کو کہا جائے گا۔ بچوں سے پوچھا جائے گا کہ حروف کو ملانے سے کیا بنتا ہے۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے 'ا تا ژ' حروف ہوا میں لکھنے کی مشق کروائی جائے گی۔ | 3منٹ<br><br><br><br>5منٹ<br><br><br><br>30منٹ<br><br><br><br><br><br>2منٹ | حروف فلیش کارڈز<br><br><br>پلے ڈو<br><br>کتاب صفحہ 121 | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف 'ڑ' کا درست تلفظ، آواز اور اس کی اشیاء میں حرف 'ڑ' کی نشاندہی کرنے پر |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ (اٹھارواں ہفتہ) | موضوع: | اعادہ (ا تا ژ) | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حروف 'ا تا ژ' کی پہچان، صوتی آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور لکھائی کر سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو 'ا تا ژ' سے شروع ہونے والی اشیاء کے فلیش کارڈ دکھا کر نام بتانے کو کہا جائے گا۔<br>**تعارف:**<br>Salt tray دے کر 'ا تا ژ' حروف بنانے کی مشق کروائی جائے گی۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو چار/ پانچ کے گروپس میں تقسیم کیا جائے گا۔ ہر گروپ کو حروف سے شروع ہونے والی اشیاء کی تصاویر دی جائیں گی۔ بچوں کو حرف فلیش کارڈ دکھا کر اس سے شروع ہونے والی اشیاء کی تصاویر تلاش کرنے کو کہا جائے گا۔ بچوں سے کتاب صفحہ 122 کھولنے کو کہا جائے گا۔ دیے گئے حروف کو تصاویر سے ملانے کو کہا جائے گا۔<br>**اختتامیہ:**<br>مختلف حروف بتا کر ان کے بعد میں یا پہلے آنے والے حرف کے بارے میں پوچھا جائے گا۔ | 3 منٹ<br>5 منٹ<br>30 منٹ<br>2 منٹ | حرف اور اشیاء فلیش کارڈز<br>کتاب صفحہ 122 | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف 'ژ' کا درست تلفظ، آواز اور اس کی اشیاء میں حرف 'ژ' کی نشاندہی کرنے پر |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ (اٹھارواں ہفتہ) | موضوع: | اعادہ (ا تا ژ) | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حروف 'ا تا ژ' کی پہچان، صوتی آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور لکھائی کرسکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو حرف فلیش کارڈ (ا تا ژ) باری باری دکھا کر ان کا تلفظ، صوتی آواز اور ان سے شروع ہونے والی کسی ایک اشیاء کا نام بتانے کو کہا جائے گا۔ | 3 منٹ | حرف فلیش کارڈز | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔<br>حرف 'ژ' کا درست تلفظ، آواز اور اس کی اشیاء میں حرف 'ژ' کی نشاندہی کرنے پر |
| | **تعارف:**<br>کمرہ جماعت میں حروف فلیش کارڈ (بڑے سائز) چسپاں کیے جائیں گے۔ بچوں کو اپنے پسندیدہ حرف پر انگلی پھیرنے اور اس کا نام بتانے کو کہا جائے گا۔ بچوں سے پوچھا جائے گا کہ یہ حروف تہجی کا کونسا حرف ہے؟ ساتواں، آٹھواں یا بارھواں۔ | 5 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو باری باری تختہ سیاہ/سفید پر بُلا کر کوئی سا حرف لکھوایا جائے گا۔ بچوں سے 'ا تا ژ' کاپی پر حروف پر پنسل پھیرنے کو کہا جائے گا۔ | 30 منٹ | | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے باری باری حروف (ا تا ژ) سنے جائیں گے۔ | 2 منٹ | | |
| | **گھر کا کام:**<br>کاپی پر 'ا تا ژ' حروف پر پنسل پھیریے۔ کتاب صفحہ 123 کیجیے۔ | | | |